Link

الینوئس لنک پروگرام میں آپ کا خیر مقدم ہے

آپ اپنے وظائف کے حصول اور استعمال کے لیے ایک محفوظ اور آسان طریقہ اختیار کرنے جا رہے ہیں۔ الینوئس لنک پروگرام آپ کو اپنے وظائف خرچ کرنے کے لیے الینوئس لنک کارڈ، جو کسی بینک کارڈ جیسا ہوتا ہے، استعمال کرنے کی سہولت دیتا ہے۔ آپ ایک خفیہ ذاتی شناختی نمبر (PIN) منتخب کرنے کے لیے ٹول فری ہیلپ لائن نمبر (1-800-678-LINK) پر کال کریں گے یا ویب سائٹ www.Link.Illinois.gov ملاحظہ کریں گے۔ آپ کا الینوئس لنک کارڈ اور PIN آپ کو ان وظائف کا استعمال کرنے دیتا ہے جو الینوئس محکمہ فلاحی خدمات (DHS) ایک اکاؤنٹ میں جمع کرواتا ہے – صرف آپ کے لیے۔ جب وظائف آپ کے اکاؤنٹ میں جمع ہوجائیں اور آپ ایک PIN منتخب کرلیں، تو آپ ان وظائف کو اپنے لنک کارڈ کے ذریعہ استعمال کرسکتے ہیں۔

آپ کی سہولت کے لیے معلومات

- آپ کو اپنا الینوئس لنک کارڈ بذریعہ ڈاک اس پتہ پر موصول ہوگا جو آپ نے DHS آفس میں دیا ہے۔ براہِ کرم ڈاک سے ترسیل کے لیے (7) دنوں کا وقت دیں۔
- اگر آپ کو وظائف کے لیے منظور کرلیا گیا ہے لیکن 10 دن گزرجانے پر بھی آپ کو اپنا کارڈ نہیں ملا ہے، تو اپنے کیس ورکر سے رابطہ کریں۔
- اس سے پہلے کہ آپ اپنے وظائف کا استعمال کرسکیں، آپ کے پاس ایک PIN لازمی طور پر ہونا چاہیئے۔ اپنے PIN کا انتخاب کرنے کے لیے آپ یا تو ٹول فری ہیلپ لائن نمبر پر کال کرسکتے ہیں یا کسی کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے ویب سائٹ www.Link.Illinois.gov پر جاسکتے ہیں۔ ہیلپ لائن نمبر اور ویب سائٹ کا پتہ آپ کے لنک کارڈ اور اس کتابچے کی پشت پر چھپا ہوا ہے۔
- پہلی بار جب آپ اپنا PIN منتخب کرنے کے لیے کال کریں، تو آپ کو اس 16 عددی نمبر کی ضرورت ہوگی جو آپ کے لنک کارڈ پر سامنے کی جانب موجود ہے۔
- آپ کو چاہیئے کہ اپنا کارڈ اور PIN حفاظت سے اور خفیہ رکھیں۔ اگر آپ کو شبہ ہو کہ کسی اور کے پاس آپ کا الینوئس لنک کارڈ یا PIN موجود ہے، تو آپ کو چاہیئے کہ ہیلپ لائن کو کال کریں یا اسی وقت براہ راست ویب سائٹ پر اپنے کارڈ کی گمشدگی یا چوری ہوجانے کی اطلاع دیں۔
- **اگر آپ اپنا کارڈ اور PIN کسی کو دیتے ہیں اور وہ آپ کے وظائف کا استعمال کرلیتا ہے تو آپ کے وظائف دوبارہ نہیں دیئے جائیں گے۔ یاد رکھیں:** کسی کو اپنا PIN نہ بتائیں۔ اپنا PIN اپنے کارڈ پر نہ لکھیں۔ اسے اپنے پرس، والیٹ، یا بٹوے میں رکھ کر نہ گھومیں یا ایسی جگہ نہ رکھیں جہاں کوئی اسے حاصل کرسکتا ہو۔ اپنے کارڈ کو الیکٹرانک آلات (جیسے ٹی وی، مائیکروویو) اور مقناطیس کے قریب نہ رکھیں۔ اپنے کارڈ کو دھوپ سے بچا کر رکھیں، جیسے کہ کار کے ڈیش بورڈ پر نہ رکھیں۔
- آپ خود اپنے وظائف کے استعمال اور اپنے الینوئس لنک کارڈ اور PIN کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں۔
- آپ اپنے کارڈ کے استعمال کی تفصیل جاننے کے لیے، اپنے بقایا وظائف معلوم کرنے کے لیے، PIN کا انتخاب کرنے کے لیے، اپنے الینوئس لنک کارڈ کے گم ہوجانے، چوری ہوجانے یا خراب ہوجانے کی اطلاع دینے کے لیے یا بذریعہ ڈاک متبادل کارڈ کی فراہمی کی درخواست کرنے کے لیے ٹول فری نمبر (1-800-678-LINK) یا ویب سائٹ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ براہِ کرم ڈاک سے ترسیل کے لیے (7) دنوں کا وقت دیں۔
- آپ کو چاہیئے کہ اس کتابچے کو اپنے پاس رکھیں کیونکہ اس میں ایسی اہم معلومات موجود ہیں جنھیں ضرورت پڑنے پر آپ دوبارہ پڑھ سکتے ہیں۔
- اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے وظائف آپ کے لنک کارڈ کی بجائے براہِ راست آپ کے بینک کھاتے میں جمع کروادیئے جائیں، تو اپنے DHS آفس سے رابطہ کریں۔
- کسی قسم کی تکنیکی غلطی کی صورت میں آپ کا اکاؤنٹ ایڈجسٹ کردیا جائے گا۔ اگر ایسا ہوا، تو آپ کو ایک تحریری نوٹس موصول ہوگا جس میں تکنیکی غلطی، ایڈجسٹمینٹ، اور آپ کے اپیل دائر کرنے کے حق کی وضاحت کی جائے گی۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کسی بھی لین دین پر نظر ثانی کی درخواست کرسکتے ہیں اور منصفانہ سماعت کے لیے (5465) 1-800-678-LINK پر کال کرسکتے ہیں۔

اپنا الینوئس لنک کارڈ مت پھینکیں۔ ہر ماہ آپ کو نیا کارڈ نہیں ملے گا۔

میں اپنا الینوئس لنک کارڈ کیسے استعمال کروں؟

آپ اپنا الینوئس لنک کارڈ کریانے کی دوکان پر SNAP یا نقد وظائف خرچ کرنے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔ بعض اسٹورز میں آپ اپنے نقد وظائف کے عوض نقدی حاصل کرنے کے لیے بھی اپنا کارڈ استعمال کرسکتے ہیں۔ کریانہ اسٹور کی کھڑکیوں یا دروازوں پر الینوئس لنک سائن تلاش کریں تاکہ آپ کے خریداری شروع کرنے سے پہلے یہ یقینی ہوجائے کہ اسٹور الینوئس لنک کارڈ قبول کرتا ہے۔



الینوئس لنک کارڈ کے استعمال کا مرحلہ وار طریقہ کار درج ذیل ہے۔

- چیک آؤٹ لین میں، کیشیئر سے کہیں کہ آپ اپنا الینوئس لنک کارڈ استعمال کررہے ہیں اور یہ بھی بتائیں کہ کونسا اکاؤنٹ آپ استعمال کرنا چاہتے ہیں ـ آپ کا SNAP یا نقد اکاؤنٹ۔ اگر آپ اپنے نقد اکاؤنٹ سے نقد رقم لینا چاہتے ہیں، تو آپ چیک آؤٹ لین میں کیشیئر سے کہہ سکتے ہیں یا آپ کو کسٹمر سروس کاؤنٹر تک جانا ہوگا۔

- آپ، یا کیشیئر، آپ کے کارڈ کو الینوئس لنک ٹرمینل کے ذریعہ اسکین کرے گا۔ اگر آپ کا کارڈ اسکین نہ ہو سکا تو کیشیئر خریداری کو مکمل کرنے کے لیے آپ کے کارڈ کا نمبر دستی طور پر ٹرمنل میں درج کرے گا۔ اگر بہت زیادہ لین دین دستی طور پر کیے گئے ہوں گے تو آپ کا کارڈ تبدیل کردیا جائے گا۔ آپ اپنا نیا کارڈ ملنے تک اپنا پرانا کارڈ بدستور استعمال کرنے کے اہل ہوں گے۔ نیا کارڈ ملنے پر، آپ اسے فوراً استعمال کرنا شروع کرسکتے ہیں۔
- آپ خود یا کیشیئر، خریداری کی رقم یا جتنی رقم آپ نکالنا چاہتے ہیں، وہ درج کرے۔
- اپنا 4-عددی PIN درج کریں۔ آپ سے کوئی بھی آپ کا PIN نہیں پوچھ سکتا، حتٰی کہ اسٹور کلرک بھی نہیں۔ آپ کو اپنا PIN خود درج کرنا چاہئے۔ یقینی بنائیں کہ آپ اپنا PIN احتیاط سے درج کررہے ہیں اور کوئی بھی آپ کو اسے درج کرتے نہ دیکھ سکے۔ اگر آپ لگاتار (4) مرتبہ سے زائد غلط PIN درج کرتے ہیں، تو آپ کا وظائف اکاؤنٹ «منجمد» ہوجائے گا اور آپ اپنے وظائف کا استعمال نہیں کرسکیں گے۔ نیا PIN ملنے تک آپ اپنے الینوئس لنک کارڈ کا استعمال کرنے کے اہل نہیں ہوں گے۔
- جب آپ کی خریداری یا رقم نکالنے کا عمل پورا ہوجاتا ہے، تو ٹرمنل ایک رسید چھاپتا ہے جس پر اسٹور کا نام اور پتہ۔ لین دین کی قسم، لین دین کی تاریخ، آپ کی خریداری یا نکالی گئی رقم، اور آپ کے کھاتہ (کھاتوں) میں بقایا رقم درج ہوتی ہے۔ جب بھی آپ اپنا الینوئس لنک کارڈ استعمال کریں، تو آپ کو چاہیئے کہ اپنی رسید سنبھال کر رکھیں تاکہ اگلی بار جب بھی آپ خریداری کے لیے جائیں تو آپ کو اپنے بقایاجات معلوم ہو۔



- خریداری کے لیے کوئی کم از کم رقم مقرر نہیں ہے یا کتنی بار آپ اپنا کارڈ اسٹور پر استعمال کرسکتے ہیں اس کی بھی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔
- اگر آپ اپنے کوپن استعمال کرتے ہیں، تو کوپن کی رقم پر ٹیکس عائد ہوتا ہے اور ٹیکس کی ادائیگی SNAP وظائف سے نہیں کی جاسکتی۔

اگر اسٹور کا الینوئس ٹرمنل کام نہیں کررہا ہو تو کیا ہوگا؟



اگر کسی اسٹور کا الینوئس لنک ٹرمنل کام نہیں کررہا ہو، تو تب بھی آپ اپنا الینوئس لنک کارڈ استعمال کرسکتے ہیں، لیکن خریداری صرف غذائی اجناس کے لیے اور وہ بھی آپ کے SNAP یا نقد وظائف کے استعمال کے ذریعہ کی جاسکے گی۔ اسٹور کا کیشیئر ایک دستی واؤچر کا استعمال کرسکتا ہے اور فی دن $150.00 تک کی آپ کی خریداری کے لیے بذریعہ فون منظوری لے سکے گا۔ آپ کی خریداری کے لیے، کیشیئر ایک کاغذی واؤچر پُر کرے گا جس پر آپ کی خریداری کی رقم درج ہوگی۔ اس سے پہلے کہ آپ واؤچر پر اپنے دستخط کریں، اسے یقینی بنالیں کہ آپ کی خریداری درست کھاتہ (SNAP یا نقد) سے کی جارہی ہے اور یہ کہ واؤچر پر درج رقم درست ہے۔ کیشیئر کو چاہیئے کہ وہ واؤچر کی ایک نقل آپ کو اپنے ریکارڈ کے لیے دے۔

میں کسی آٹومیٹیڈ ٹیلر مشین (اے ٹی ایم) پر اپنے کارڈ کا استعمال کیسے کرسکتا ہوں؟

آپ کسی اے ٹی ایم پر صرف رقم نکال سکتے ہیں یا اپنے نقد اکاؤنٹ میں باقی رقم کی جانچ کرسکتے ہیں۔ آپ اپنے SNAP وظائف کا استعمال اے ٹی ایم پر نہیں کرسکتے۔

کچھ ایسے اے ٹی ایم نیٹ ورک ہیں جو الینوئس لنک کارڈ قبول کرتے ہیں۔ بعض اے ٹی ایم آپ سے اس کی فیس وصول کرسکتے ہیں۔ فیس کی ادائیگی سے بچنے کے لیے، یہ بہتر ہوگا کہ آپ نقد رقم ایسے اسٹور سے نکالیں جو الینوئس لنک کارڈ قبول کرتے ہوں اور نقد رقم واپس دیتے ہوں۔

STAR SHAZAM RBSLynk pulse

اس سے قبل کہ آپ کسی اے ٹی ایم پر اپنے الینوئس لنک کارڈ کا استعمال کریں، یہاں بعض ایسی باتیں بتائی گئی جن کی معلومات آپ کے لیے اہم ہوگی:

رقم: آپ اے ٹی ایم سے نقد رقم اسی مالیت میں نکال سکتے ہیں جس میں اے ٹی ایم نکالنے کی اجازت دیتا ہو۔ بعض اے ٹی ایم آپ کو $10.00، $20.00، وغیرہ نکالنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اگر آپ کے اکاؤنٹ میں اتنی رقم نہ ہو جو آپ کے وظائف کی رقم نکالنے اور فیس کی ادائیگی کے لیے ضروری ہو، تو آپ کا لین دین مسترد کردیا جائےگا۔

فیس: آپ ایک ماہ میں (2) بار تک اے ٹی ایم سے نقد رقم نکال سکتے ہیں۔ آپ کے دوسری بار رقم نکالنے کے بعد، یا دوسری بار اے ٹی ایم سے اپنی بقایا رقم معلوم کرنے کے بعد، آپ پر فیس کا اطلاق ہوگا۔

سر چارج: الینوئس اے ٹی ایم مذکورہ بالا فیس کے علاوہ سرچارج عائد نہیں کرسکتے۔ الینوئس کی سہولت نہ رکھنے والےاے ٹی ایم اس فیس کے علاوہ سرچارج بھی لگا سکتے ہیں۔

TANF مدد: آپ کے لنک کارڈ کے TANF نقد وظائف کا استعمال جوئے خانوں، شراب کے اسٹورز، یا بالغوں کی تفریح کے مراکزجہاں عریانی یا فحاشی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے، پر کرنا خلاف قانون ہے۔

انتباہ: اپنا لنک کارڈ فروخت کرنا یا نقد رقم کے عوض اسے کسی کو استعمال کے لیے دینا غیر قانونی ہے۔ ایسا کرنے پر آپ اپنے وظائف گنوا سکتے ہیں اور/یا آپ پر قابلِ تعزیر الزامات عائد ہوسکتے ہیں۔

Link

آپ کے وظائف کے لیے
محفوظ اور آسان لنک۔

☎ **1-800-678-LINK (5465)**

دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن

www.Link.Illinois.gov

اہلیت کے بارے میں سوالات یا فراڈ کی اطلاع دینے کے لیے،
(DHS) 1-800-843-6154 پر کال کریں
DHS TTY 1-800-447-6404

☎ **1-800-678-LINK (5465)**

Link

دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن

www.Link.Illinois.gov

اہلیت کے بارے میں سوالات یا فراڈ کی اطلاع دینے کے لیے،
(DHS) 1-800-843-6154 پر کال کریں
DHS TTY 1-800-447-6404

USDA سب کو یکساں مواقع فراہم کرنے والا آجر ہے۔

WCS 9203U (R 10-14)

نقد رقم نکالنے اور بقایا کی جانچ کرنے کے لیے اے ٹی ایم کا استعمال کرنا:

- اپنے الینوئس لنک کارڈ کو مشین میں داخل کرنے اور اسکین کرنے کے لیے اے ٹی ایم کی ہدایات کی پیروی کریں۔ بعض اے ٹی ایم آپ کو کارڈ مشین میں ڈال کر نکال لینے کے لیے کہتے ہیں، جبکہ بعض دوسرے آپ کے کارڈ کو مشین میں اس وقت تک روکے رکھتے ہیں جب تک کہ آپ کا لین دین مکمل نہ ہوجائے یا آپ اسے منسوخ نہ کردیں۔
- اپنا PIN درج کریں۔ اگر اے ٹی ایم کوئی سر چارج عائد کرتا ہے تو اسکرین پر دکھایا جاتا ہے اور آپ کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ آپ اس لین دین کو قبول کریں یا اسے منسوخ کر دیں۔ اگر آپ لین دین کو قبول کرلیتے ہیں، تو فیس آپ کے نقد وظائف سے لی جائے گی۔
- "نقدی نکالنا" یا "بقایا معلوم کرنا" میں سے ایک کا انتخاب کریں۔ (یاد رکھیں، آپ اپنے SNAP بقایا کی جانچ اے ٹی ایم پر نہیں کرسکتے۔)
- "جانچ" کا اختیار چنیں۔
- جتنی نقد رقم آپ کو نکالنی ہے اسے درج کریں۔
- جب آپ کے لین دین کو منظوری مل جاتی ہے، تو اے ٹی ایم آپ کو نقد رقم، ایک چھپی ہوئی رسید اور آپ کا کارڈ واپس دیتا ہے۔
- اپنی رسید، کارڈ اور نقد لینا نہ بھولیں۔

اے ٹی ایم پر اپنے کارڈ کا استعمال کرتے وقت، یاد رکھیں:

- محتاط رہیں۔ صرف ایسے ہی اے ٹی ایم کا استعمال کریں جو اچھی طرح روشن علاقہ میں ہو۔
- اپنے اطراف دیکھ لیں کہ مشتبہ افراد موجود نہ ہوں اگر آپ کو شبہ ہو کہ آپ خطرے میں ہیں، تو اپنا لین دین منسوخ کردیں، اپنا کارڈ واپس لیں اور اس علاقہ سے نکل جائیں۔
- تیار رہیں۔ اپنے کارڈ کو استعمال کے لیے تیار رکھیں۔
- اپنا PIN محفوظ رکھیں۔ اپنا PIN اپنے کارڈ پر نہ لکھیں۔
- اپنا PIN احتیاط سے درج کریں تاکہ کوئی آپ کو اسے درج کرتے ہوئے نہ دیکھ سکے۔
- اپنی آخری رسید سنبھال کر رکھیں۔

مجھے ایک متبادل کارڈ یا PIN کیسے مل سکتا ہے؟

آپ کو اپنے الینوئس لنک انفارمیشن تک 24/7 محفوظ رسائی دستیاب ہے۔ ہیلپ لائن کو کال کریں یا کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے ویب سائٹ پر جائیں۔ آپ اپنے کارڈ کے گم ہو جائے، چوری ہوجائے یا خراب ہوجائے کی رپورٹ اپنے وظائف کے تحفظ، ایک متبادل کارڈ کی درخواست کرنے، اپنا PIN منتخب کرنے یا تبدیل کرنے اور اپنے بقایا کی جانچ کرنے کی غرض سے کرسکتے ہیں۔ متبادل کارڈ اس پتہ پر بذریعہ ڈاک ارسال کیے جاتے ہیں جو آپ نے اپنے DHS آفس میں دیا ہے۔ اگر آپ نے گھر تبدیل کرلیا ہے، تو آپ اپنے نئے پتہ کی اطلاع کارڈ تبدیل کراتے وقت ہیلپ ڈیسک آپریٹر کو دے سکتے ہیں اور وہ آپ کا پتہ تبدیل کردیں گے۔ آپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ پوسٹ آفس میں آپ کا نیا پتہ موجود ہے۔ جب آپ اپنے کارڈ کے گم ہو جانے، چوری ہوجانے یا خراب ہونے کی رپورٹ کرتے ہیں، تو آپ اس وقت تک اپنے وظائف کا استعمال نہیں کرسکتے جب تک کہ آپ کو متبادل کارڈ نہ مل جائے۔ براہِ کرم ڈاک سے ترسیل کے لیے (7) دنوں کا وقت دیں۔ آپ اے ٹی ایم یا کسی اسٹور تکنیکی مسائل کی رپورٹ، یا اگر کسی خریداری کے بارے میں یا کسی ریٹیلر کے پاس سے نقد نکالنے سے متعلق آپ کے سوالات ہوں، اور یا اگر آپ اپنے الینوئس لنک کارڈ سے متعلق تربیت حاصل کرنے یا مدد کے لیے بھی ہیلپ لائن کا استعمال کرسکتے ہیں۔

میں یہ کیسے جان سکتا ہوں کہ میرے الینوئس اکاؤنٹ میں کتنی رقم ہے؟

- اپنی آخری رسید دیکھیں۔
- ایک محفوظ کمپیوٹر کا استعمال کریں اور ویب سائٹ پر جائیں: www.Link.Illinois.gov.
- کسی اسٹور میں اپنا بقایا معلوم کرلیں۔ بعض اسٹور کسی خریداری کے بغیر بھی آپ کو آپ کا بقایا بتا دیتے ہیں۔
- ہیلپ لائن کو 1-800-678-LINK پر کال کریں۔
- اے ٹی ایم میں جائیں (صرف نقد بقایا معلوم کرنے کے لیے)۔ آپ اے ٹی ایم پر اپنا SNAP بقایا نہیں معلوم کرسکتے، صرف اپنا نقد بقایا ہی معلوم کرسکتے ہیں۔ یاد رکھیں آپ سے اس کے لیے فیس وصول کی جاسکتی ہے--- یہاں تک کہ بقایا معلوم کرنے کے لیے بھی۔

ہیلپ لائن کو کال کرتے وقت یا ویب سائٹ پر جاتے وقت مجھے کن معلومات کی ضرورت ہوگی؟

آپ جب بھی ہیلپ لائن کو کال کریں یا ویب سائٹ پر جائیں تو آپ کو اسی معلومات کا استعمال کرنا ہوگا۔ آپ کے پاس مندرجہ ذیل ہونا چاہیئے:

- نو-عددی سوشل سیکیوریٹی نمبر
- تاریخ پیدائش اور،
- PIN، یا
- آپ کے کارڈ کے سامنے کی جانب کا 16 عددی نمبر

اگر آپ اپنے بچوں کے لیے، یا دیگر منحصرین کے لیے وظائف حاصل کرتے ہیں، لیکن اپنے لیے نہیں، تو آپ کو ہیلپ لائن کو کال کرنے سے پہلے ان کی معلومات کی ضرورت ہوگی۔ اگر آپ اپنا کارڈ تبدیل کروانے کے لیے کال کررہے ہیں، تو آپ کو اپنا PIN معلوم ہونا چاہیئے۔ اگر آپ اپنا PIN بھول گئے ہیں، تو آپ نئے کارڈ کا آرڈر دینے سے پہلےایک نئے PIN کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

اگر میں اپنا الینوئس لنک کارڈ استعمال کرنا چھوڑ دوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ اپنے تمام وظائف کا استعمال ہر ماہ نہیں کرتے، تو یہ آپ کے اکاؤنٹ میں جمع رہیں گے اور اگلے مہینے کے وظائف میں شامل کردیئے جائیں گے۔ تاہم، اگر آپ ایک سال تک اپنے وظائف کا استعمال خریداری یا نقد نکالنے کے لیے نہیں کرتے ہیں، تو یہ وظائف دستیاب نہیں رہیں گے۔ SNAP اور نقد وظائف کا شمار الگ الگ کیا جاتا ہے۔